اونٹاریو ورکس کے لیے درخواست کیسے دیں

اگر آپ کے پاس کھانے اور رہائش کے لیے کافی رقم نہیں ہے اور آپ کو مالی ضرورت ہے، تو آپ اونٹاریو ورکس کی مدد کے لیے درخواست دے سکتی/ سکتے ہیں۔

آن لائن درخواست دینا

- ✓ دن کے چوبیس گھنٹے اور ہفتے کے سات دنوں کے لیے دستیاب ہے
- ✓ موبائل-دوستانہ

آپ کی درخواست مکمل کرنے میں 20 سے 30 منٹ لگتے ہیں، اور آن لائن درخواست دینے کے لیے آپ کے پاس ایک ای میل پتے کا ہونا ضروری ہے۔

شروع کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں:

ontario.ca/SocialAssistance

فون کے ذریعے درخواست دینا

- ✓ پیر تا جمعہ، صبح 8:30 بجے سے شام 5 بجے تک، چھٹیوں کے علاوہ دستیاب ہے

شروع کرنے کے لیے، صوبے کے سماجی امدادی رابطہ مرکز (Province’s Social Assistance Contact Centre) کو اس نمبر پر کال کریں:

1-888-999-1142 / ٹی ٹی وائی: 1-800-387-5559

اپلائی کرنے سے پہلے

براہ کرم رضامندی فراہم کرنے، سوالات کے جوابات دینے، اور ان کی معلومات کی تصدیق کرنے کے لیے **آپ کی درخواست میں شامل تمام فیملی ممبران کو اپنے ساتھ رکھیں۔**

جو دستاویزات درکار ہیں

درخواست دہندگان کے پاس خاندان کے تمام افراد کے لیے شناخت، ٹیکس اور مالیاتی دستاویزات تیار ہونے چاہئیں، جیسے:

- ✓ سوشل انشورنس نمبر (SIN)
- ✓ OHIP کارڈ (اونٹاریو ہیلتھ کارڈ)
- ✓ پیدائش کا سرٹیفکیٹ
- ✓ امیگریشن کے کاغذات
- ✓ ٹیکس کے گوشوارے
- ✓ بینکنگ کی معلومات
- ✓ لیز یا کرایہ کا معاہدہ
- ✓ آخری بار کی آمدنی کا ذریعہ

ہم یہاں مدد کے لیے موجود ہیں

> اگر آپ انگریزی یا فرانسیسی زبانیں نہیں بولتی/بولتے ہیں اور آپ اپنا ترجمان فراہم کرنے سے قاصر ہیں تو آپ کی درخواست مکمل کرنے میں مدد کے لیے مترجم کی خدمات دستیاب ہیں۔

> اپنی درخواست کا اسٹیٹس آن لائن درج ذیل پر چیک کریں: **sada.mcss.gov.on.ca/applicationstatuschecker**
براہ کرم نوٹ کریں کہ یہ سروس کچھ اپیلی کیشنز کے لیے دستیاب نہیں ہے۔

> ہمارے پروگراموں اور خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: **toronto.ca/humanservices**
سٹی آف ٹورنٹو کی ویب سائٹ کا کئی زبانوں میں ترجمہ کیا جا سکتا ہے۔ آپ 180 سے زیادہ زبانوں میں سٹی سروسز کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے 311 پر بھی کال کر سکتی/سکتے ہیں۔

Urdu

TORONTO